## سوال

(132) عیدین کے دن روزہ رکھنا حرام ہے!

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محمد علی لکھتے ہیں کہ سال میں وہ کون سے دن ہیں جن میں روزہ رکھنا حرام یا منع ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سال میں عید الفطر یا عید الضحیٰ کے دن روزہ رکھنا حرام ہے ۔ اس بارے میں رسول اکرم ﷺ کی احادیث میں واضح ارشادات موجود ہیں ۔ اسی طرح ایک حدیث میں آپ نے ایام تشریق میں روزے رکھنے سے بھی منع کیا ہے ۔ گیارہ 'بارہ 'تیرہ 'دوالحجہ کو ایام تشریق کہتے ہیں ۔ مسلم شریف کی حدیث ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا : ''ایام تشریق ایام اکل و شرب وذکر اللہ عزوجل ۔'' (مسلم للالبانی الصیام باب کراھیة الصیام ایام التشریق)

''ایام تشریق کھانے پینے اور اللہ کو یاد کرنے کے دن ہیں ۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ صراط مستقیم**

# ص308

**محدث فتویٰ**